GOVERNMENT OF KHYBER PAKHTUNKHWA
RIGHT TO INFORMATION COMMISSION
7th Floor, Tasneem Plaza, Near Benevolent Fund Building,
6th Saddar Road, Peshawar
Email: rticommission@gmail.com

Ph: 92-91-5277150
Fax: +92-91-9211163

Name of Newspaper: Daily Mashriq

Place of Publication: Peshawar

Date of Publication: 16 oct 2019



DAILY MASHRIQ PESHAWAR
روزنامہ مشرق پشاور
مسلسل اشاعت کے 52 سال

## ملاکنڈ یونیورسٹی اور کے آئی سی کے اشتراک سے سیمینار

چکدرہ (نمائندہ مشرق) ملاکنڈ یونیورسٹی کے ڈائریکٹریٹ آف سٹوڈنٹس افیئرز اور خیبر پختونخوا انفارمیشن کمیشن کے اشتراک سے ایک روزہ سیمینار منعقد ہوا جس کے مہمان خصوصی خیبر پختونخوا انفارمیشن کمیشن کے کمشنر

(بقیہ 3 صفحہ 10)

| بقیہ نمبر | سیمینار | 3 |
| --- | --- | --- |

ریاض خان داؤدزئی تھے، اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ریاض خان داؤدزئی اور وائس چانسلر ملاکنڈ یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر گل زمان نے کہا کہ رائٹ ٹو انفارمیشن بل کے پاس ہونے سے صوبے کے ہر شہری کو یہ حق دیا گیا ہے کہ صوبے کے تمام سرکاری محکموں، صوبائی وزراء اور وزیر اعلیٰ سمیت منتخب افراد کے متعلق معلومات حاصل کر سکے، تمام محکمے معلومات دینے کے پابند ہونگے، اس موقع پر ملاکنڈ یونیورسٹی کے ڈائریکٹر سٹوڈنٹس سوسائٹی ڈاکٹر علی شیل دریاب، رجسٹرار ڈاکٹر شفیق الرحمن اور یونیورسٹی کے فیکلٹی سمیت طلباء و طالبات نے بھرپور شرکت کی، وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل زمان نے ریاض خان داؤدزئی کو شیلڈ دی۔

GOVERNMENT OF KHYBER PAKHTUNKHWA
INFORMATION COMMISSION
7th Floor, Tasneem Plaza, Near Benevolent Fund Building,
6th Saddar Road, Peshawar
Email: info.kprti@kp.gov.pk

Ph: 92-91-9211109
Fax: +92-91-9211163

Name of Newspaper: Roznama Aaj

Place of Publication: Peshawar

Date of Publication: 16 Oct 2019

پشاور، ایبٹ آباد اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونیوالا کثیرالاشاعت قومی روزنامہ

روشن کل کی ضمانت، آج کا نصب العین

روزنامہ آج

پشاور — پاکستان

ایڈیٹر
عبدالواحد یوسفی

صفحات 12

جلد 30 | بدھ 16 اکتوبر 16.2019 صفر المظفر 1441ھ - قیمت 20 روپے | شمارہ 277

# معلومات تک رسائی ہر شہری کا حق ہے، انفارمیشن کمشنر

## معلومات نہ دینے والوں کو جرمانے اور تادیبی کاروائی کا سامنا کرنا ہوگا، ریاض داوؤزئی

چکدرہ (بیورو نیوز) معلومات تک رسائی ہر شہری کا بنیادی حق ہے، معلومات نہ دینے والے کو بھاری جرمانے اور تادیبی کاروائی کا سامنا کرنا ہوگا ان خیالات کا اظہار خیبر پختونخوا انفارمیشن کمشنر ریاض خان داوؤزئی نے ملاکنڈ یونیورسٹی میں ڈائریکٹوریٹ آف سٹوڈنٹس سوسائٹی اور معلومات تک رسائی کمیشن کے اشتراک سے اطلاعات تک رسائی کے قانون پر منعقدہ سیمینار سے خطاب (باقی صفحہ 9 بقیہ نمبر 31)

**بقیہ نمبر 31 | انفارمیشن کمشنر**

اور چکدرہ پریس کلب کے دورے کے موقع پر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا سیمینار سے یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل زمان نے بھی خطاب کیا انہوں نے کہا کہ شفافیت، احتساب اور اچھی طرز حکمرانی اور سرکاری اداروں کی بہتری کیلئے آر ٹی آئی ایکٹ کا کردار اہم ہے، کوئی بھی شہری حکومت اور سرکاری اداروں سے متعلق معلومات کے حصول کا حق رکھتا ہے اور آر ٹی آئی قانون کے تحت کوئی بھی ادارہ شہریوں کو مطلوبہ معلومات دس سے بیس دنوں میں فراہم کرنے کا پابند ہے، انہوں نے واضح کیا کہ معلومات چھپانا اور نہ دینا قانوناً جرم ہے اور اس صورت میں کمیشن کو کارروائی کا اختیار حاصل ہے تاہم حساس نوعیت اور نجی معلومات فراہم نہیں کی جاسکتیں، کمشنر آر ٹی آئی نے کہا کہ مطلوبہ معلومات نہ ملنے کی صورت میں شہری آر ٹی آئی کمیشن سے رجوع کرسکتے ہیں، بعدازاں چکدرہ پریس کلب میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے آر ٹی آئی کمشنر ریاض خان داوؤزئی نے کہا کہ اطلاعات کے حصول اور شہریوں تک پہنچانے میں صحافیوں کا کلیدی کردار ہے جسے کسی طور نظرانداز نہیں کیا جاسکتا، انہوں نے کہا کہ لوئر دیر میں جلد تربیتی ورکشاپ کے تحت پبلک انفارمیشن آفیسر کو یکجا کرکے آر ٹی آئی قانون کے بہتر استعمال کا آغاز کیا جائے گا۔

GOVERNMENT OF KHYBER PAKHTUNKHWA
INFORMATION COMMISSION
7th Floor, Tasneem Plaza, Near Benevolent Fund Building,
6th Saddar Road, Peshawar
Email: info.kprti@kp.gov.pk

Ph: 92-91-9211109
Fax: +92-91-9211163

Name of Newspaper: Daily Ausaf

Place of Publication: Peshawar

Date of Publication: 16 Oct 2019

قسم ہے قلم کی اور جو کچھ لکھتے ہیں ، القرآن

091-5252021 | 091-5606315 | ABC CERTIFIED

E-mail:ausaf@dsl.net.pk | اعلیٰ صحافتی اوصاف کا علمبردار | http://www.dailyausaf.com

روزنامہ اوصاف پشاور

DAILY AUSAF PESHAWAR

چیف ایڈیٹر: مہتاب خان | ایڈیٹر: محسن بلال خان

WEDNESDAY, OCTOBER 16, 2019

جلد: 5 بدھ 16 صفر المظفر 1441ھ 16 اکتوبر 2019ء 31 اسوج 2076 ب صفحات 12 قیمت 20 روپے شمارہ: 98

Registered ID

# معلومات تک رسائی ہر شہری کا بنیادی حق ہے، ریاض داوزئی

## اچھی طرز حکمرانی، سرکاری اداروں کی بہتری کیلئے آر ٹی آئی ایکٹ کا کردار اہم ہے

چکدرہ (نمائندہ اوصاف) معلومات تک رسائی ہر شہری کا بنیادی حق ہے، معلومات تک رسائی قانون خیبر پختونخوا کے کمشنر ریاض خان داوزئی کا ملاکنڈ یونیورسٹی میں سیمینار سے خطاب، چکدرہ پریس کلب میں صحافیوں سے گفتگو، ڈائریکٹوریٹ آف سٹوڈنٹس سوسائٹی اور معلومات تک رسائی کمیشن کے اشتراک سے منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ شفاف احتساب کے تحت اچھی طرز حکمرانی اور سرکاری اداروں کی بہتری کے لئے آر ٹی آئی ایکٹ کا کردار اہم ہے، کوئی بھی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 13)

### ڈیرہ، تیز رفتار گاڑی کی درخت سے ٹکر، دو خواتین سمیت 5 زخمی

ڈیرہ اسماعیل خان (بیورو رپورٹ) ڈیرہ چشمہ روڈ پر تھانہ کڑی خیسور کی حدود میں عرغیل اڈہ کے قریب تیز رفتار کار بے قابو ہو کر الٹنے کے بعد درخت سے ٹکرا گئی، گاڑی میں سوار دو خواتین اور ڈرائیور سمیت 3 افراد زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز ڈیرہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 14)

اوصاف | ریاض داوزئی | 13

شہری حکومت اور سرکاری اداروں سے متعلق معلومات کے حصول کا حق رکھتا ہے اور آر ٹی آئی قانون کے تحت کوئی بھی ادارہ شہریوں کو مطلوبہ معلومات دس سے بیس دنوں میں فراہم کرنے کا پابند ہے، انہوں نے واضح کیا کہ معلومات چھپانا اور نہ دینا قانونا جرم ہے، ملاکنڈ یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل زمان اور فیکلٹی ممبر بھی اس موقع پر موجود تھے، بعد ازاں چکدرہ پریس کلب میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے آر ٹی آئی کمشنر ریاض خان داوزئی نے کہا کہ اطلاعات کے حصول اور شہریوں تک پہنچانے میں صحافیوں کا کلیدی کردار ہے جسے کسی طور نظر انداز نہیں کیا جاسکتا، انہوں نے کہا کہ لوئر دیر میں جلد تربیتی ورکشاپ کے تحت پبلک انفارمیشن آفیسر کو کہا کہ آر ٹی آئی قانون کے بہتر استعمال کا آغاز کیا جائے گا۔

GOVERNMENT OF KHYBER PAKHTUNKHWA
INFORMATION COMMISSION
7th Floor, Tasneem Plaza, Near Benevolent Fund Building,
6th Saddar Road, Peshawar
Email: info.kprti@kp.gov.pk

Ph: 92-91-9211109
Fax: +92-91-9211163

Name of Newspaper: Daily Nai Baat

Place of Publication: Peshawar

Date of Publication: 16 oct 2019

لاہور، راولپنڈی، اسلام آباد، کراچی، پشاور، سرگودھا، فیصل آباد اور گوجرانوالہ سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اخبار

Daily Nai Baat

روزنامہ نئی بات پشاور

چیف ایڈیٹر پروفیسر چوہدری عبدالرحمن

بدھ 16 صفر المظفر 1441ھ، 16 اکتوبر 2019ء، 02 کاتک 2076ب

## معلومات تک رسائی ہر شہری کا حق ہے، ریاض خان

### تاہم حساس نوعیت اور نجی معلومات فراہم نہیں کی جاسکتی، کمشنر آر ٹی آئی

چکدرہ (نامہ نگار) معلومات تک رسائی ہر شہری کا بنیادی حق ہے معلومات تک رسائی قانون خیبر پختونخوا کے کمشنر ریاض خان کا ملاکنڈ یونیورسٹی میں سیمینار سے خطاب، چکدرہ پریس کلب میں صحافیوں سے گفتگو، ڈائریکٹوریٹ آف سٹوڈنٹس سوسائٹی اور معلومات تک رسائی کمیشن کے اشتراک سے منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ شفاف احتساب کے تحت اچھی طرز حکمرانی اور سرکاری اداروں کی بہتری کے لئے آر ٹی آئی ایکٹ کا کردار اہم ہے، کوئی بھی شہری حکومت اور سرکاری اداروں سے متعلق معلومات کے حصول کا حق رکھتا ہے اور آر ٹی آئی قانون کے تحت کوئی بھی ادارہ شہریوں کو مطلوبہ معلومات دس سے بیس دنوں میں فراہم کرنے کا پابند ہے، انہوں نے واضح کیا کہ معلومات چھپانا اور غلط دینا قابل جرم ہے اور اس صورت میں کمیشن کو کارروائی کا اختیار حاصل ہے تاہم حساس نوعیت اور نجی معلومات فراہم نہیں کی جاسکتی، کمشنر آر ٹی آئی نے کہا کہ مطلوبہ معلومات نہ ملنے کی صورت میں شہری آر ٹی آئی کمیشن سے رجوع کرسکتا ہے۔